سوال

(562) نماز ضحیٰ وقت اور تعداد رکعات؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز ضحیٰ کی رکعات کی تعداد کتنی ہے اور اس کے ادا کرنے کا مناسب وقت کونسا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز ضحیٰ سنت مستحب ہے اس کی کم از کم دو رکعات اور زیادہ سے زیادہ بارہ رکعات ہیں۔ افضل وقت وہ ہے جب سورج کی حرارت میں شدت آنا شروع ہو جاتی ہے۔ جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ:

«صلاة الاوابين حين ترمض الفصال» (صحیح مسلم)

''اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے والوں کی نماز کا وقت وہ ہے جب اونٹ کے بچوں کے پاؤں جلنے لگتے ہیں۔''

لیکن یہ نماز اس وقت بھی جائز ہے۔ جب ممانعت کا وقت گزرنے کے بعد سورج ایک نیزہ کے برابر بلند ہو جائے اور اذان ظہر سے پہلے زوال شروع ہونے سے تھوڑی دیر پہلے یعنی تقریباً نصف گھنٹہ پہلے تک اس نماز کا وقت رہتا ہے۔ (شیخ ابن جبرین رحمة اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ: جلد 1

صفحہ نمبر 452

محدث فتویٰ